## حرز حضرت فاطمہ الزہراء اور قید سے رہائی کی دعا

سید ابن طاؤسؒ مہج الدعوات میں کہتے ہیں کہ ایک روایت میں آیا ہے کہ ایک شخص بڑی مدت سے شام میں قید تھا اسنے عالم خواب میں سیدہ فاطمہ = کو دیکھا کہ فرماتی ہیں: اس دعا کو پڑھو اور پھر اسے یہ دعا تعلیم فرمائی پس جب اس نے یہ دعا پڑھی تو اسکو قید سے رہائی مل گئی اور وہ اپنے گھر لوٹ آیا، وہ دعا یہ ہے:

**اَللّٰهُمَّ بِحَقِّ الْعَرْشِ وَمَنْ عَلاهُ وَبِحَقِّ الْوَحْيِ وَمَنْ أَوْحاهُ وَبِحَقِّ النَّبِيِّ وَمَنْ نَبَّاهُ وَبِحَقِّ الْبَيْتِ**

اے معبود واسطہ ہے عرش کا اور جو کچھ اس پر ہے واسطہ ہے وحی کا اور جس نے وحی کی واسطہ ہے پیغمبرؐ کا اور جس پیغمبرؐ نے خبر دی ہے

**وَمَنْ بَناهُ يا سامِعَ كُلِّ صَوْتٍ، يَا جامِعَ كُلِّ فَوْتٍ، يَا بارِىءَ النُّفُوسِ بَعْدَ الْمَوْتِ، صَلِّ عَلى**

واسطہ ہے کعبے کا اور اسے تعمیر کرنے والے کا اے ہر آواز کے سننے والے اے ہر گمشدہ کو لانے والے اے موت کے بعد نفسوں کو

**مُحَمَّدٍ وَأَهْلِ بَيْتِهِ وَآتِنا وَجَمِيعَ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِناتِ فِى مَشارِقِ الْاَرْضِ وَمَغارِبِها فَرَجاً**

پیدا کرنے والے محمدؐ اور ان کے اہل بیتؑ پر رحمت نازل فرما اور ہمیں اور سب مومنین و مومنات کو زمین کے ہر مشرق اور ہر مغرب میں کشادگی وفراخی

**مِنْ عِنْدِكَ عاجِلاً بِشَهادَةِ أَنْ لاَ إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنَّ مُحَمَّداً عَبْدُكَ وَرَسُولُكَ، صَلَّى اللّٰهُ**

عطا فرما اپنی جناب سے جلد تر واسطے سے اس گواہی کے ساتھ کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور یہ کہ محمدؐ تیرے بندے اور تیرے رسولؐ ہیں رحمت ہو خدا کی۔

**عَلَيْهِ وَآلِهِ وَعَلى ذُرِّيَّتِهِ الطَّيِّبِينَ الطَّاهِرِينَ، وَسَلَّمَ تَسْلِيماً كَثِيراً .**

ان پر ان کی آلؑ اور اولاد پر جو پاک ہیں طاہر ہیں اور سلام ہو ان پر بہت بہت سلام۔